پریس ریلیز

نیشنل بینک آف پاکستان نے یونین پے انٹرنیشنل کے ساتھ ڈیبٹ اور پری پیڈ کارڈ کے معاہدے پر دستخط کیے

ارمچی(چین):21 ستمبر 2016ءکو شاہراہِ ریشم فورم کے میگا کانفرنس کے دوران ارمچی، چین میں نیشنل بینک آف پاکستان اور یونین پے انٹرنیشنل (چائنا) کے مابین دستخط کی ایک تقریب کا انعقاد ہوا۔

معاہدے پر چینی ریگولیٹرز، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے معزّز مہمانوں اور شاہراہِ ریشم فورم کے شریک ممالک کے اعلیٰ ذمّے دار نمائندوں کی موجودگی میں دستخط ہوئے۔ نیشنل بینک آف پاکستان اور یونین پے انٹرنیشنل کی جانب سے اعلیٰ ذمّے داران بشمول این بی پی کے صدر جناب سیّد احمد اقبال اشرف، ایس ای وی پی/گروپ چیف سی آر بی جی جناب مدثر ایچ خان، ای وی پی/ہیڈ پیمنٹ سروسز جناب اظفر جمال، نیشنل بینک آف پاکستان کی جانب سے ڈیبٹ کارڈ کے ہیڈ جناب نبیل اسلم اور چیئرمین چائنا یونین پے جناب جی ای ہیونگ، چائنا یونین پے اور جی ایم یونین پے انٹرنیشنل برائے مڈل ایسٹ جناب ہان وانگ، کنٹری منیجر پاکستان جناب ندیم ہارون اور منیجر یونین پے انٹرنیشنل جناب کاشف علی اس موقع پر موجود تھے۔ یہ معاہدہ نیشنل بینک آف پاکستان کو یونین پے برانڈڈ ڈیبٹ اور پری پیڈ کارڈز کے ساتھ صارفین کو دنیا بھر میں 35 ملین سے زائد تاجروں کے ساتھ لین دین کرنے اور 2 ملین اے ٹی ایمز اور 10 ملین آن لائن سائٹس کے استعمال کے قابل بنائے گا۔

تقریب کے بعد جناب سیّد احمد اقبال اشرف نے کہا کہ نیشنل بینک آف پاکستان نے نئی ٹیکنالوجیز، معیشت کی جامع اور پائیدار ترقی کے قصد سے مالیاتی شمولیت کو فروغ دینے کے کثیر الجہت تصوّرات پیش کیے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ یونین پے اور نیشنل بینک آف پاکستان کی قوت کو یکجا کرنے سے ہم اپنے مقصد کا حصول ممکن کرسکیں گے۔ نیشنل بینک آف پاکستان پختگی کے ساتھ تعاون اور ایسے مالیاتی فائدے کی خدمات پر یقین رکھتا ہے جو ملک میں مالیاتی خدمات کے حوالے سے نئی مثال قائم کرے۔ نیشنل بینک آف پاکستان پر عزم ہے کہ مارکیٹ کہ تمام فعال ارکان کے تعاون سے ایک ایکو سسٹم کو قائم کرے تاکہ مالیاتی پروڈکٹس خاص طور پر P2G اور G2P خدمات فراہم کی جاسکیں۔

اس موقع پر چیئرمین چائنا یونین پے جناب جی ای ہیونگ نے کہا ''پاکستان میں بیلٹ اور روڈ کے اطلاق میں پہل درحقیقت یونین پے کا پھیلاؤ ہے۔ سب سے پہلے یونین پے کی قبولیت کا تیزی سے پھیلتا ہوا دائرۂ کار، مارکیٹ وزٹ کرنے والے کارڈ ہولڈرز کی ادائیگی کا مطالبہ پورا کرتا ہے۔ پاکستان چین سے باہر پہلی مارکیٹ ہے جہاں یونین پے mPOS service کا آغاز کیا گیا ہے۔ دوم یہ کہ، یونین پے پاکستان میں مقامی ہونے کا عمل تیز کر رہا ہے۔ مستقبل میں ہم پراُمید ہیں کہ نیشنل بینک آف پاکستان کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے اعلیٰ خدمات کی فراہمی کو فروغ دیں گے اور چین اور پاکستان کے مابین افراد کو ادائیگیوں کے حوالے سے زیادہ سہولیات فراہم کریں گے۔

فورم پر بات کرتے ہوئے، نیشنل بینک آف پاکستان کے ایس ای وی پی/گروپ چیف سی آر بی جی جناب مدثر ایچ خان نے کہا کہ ''پاکستان میں ڈیجیٹل مالیاتی خدمات کی صنعت نے 2009ء میں اپنا اصل سفر شروع کیا اور اب ایک ایسے مقام پر جا پہنچا ہے جہاں اِسے اگلے مرحلے میں جانے کی ضرورت ہے۔ نیشنل بینک آف پاکستان ملک میں مجموعی ترقی کیلئے صحیح ماحول کی تخلیق اور مالیاتی شمولیت کے اہداف کے تعیّن کے ذریعے مرکزی اسٹیک ہولڈرز بشمول Telcos، بینکس اور حکومتی اداروں کو شراکت داری میں لانے میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے''۔